اہلِ علم اور اساتذہ کے لیے ایک خاص وصیت

”یہ حدیث اساتذہ کو دینی چاہیے تاکہ وہ اسے بچوں کو مکتب میں سکھائیں۔“

امام عبدالرحمٰن المحاربیؒ (سنن ابن ماجہ)

فتنۂ دجال اور اس سے حفاظت کے متعلق حدیث

[حدیثِ ابو امامہ باہلی رضی اللہ عنہ مع ترجمہ]

پیش کردہ:

بحر العلوم حضرت مولانا نعمت اللہ اعظمی صاحب

(استاذِ حدیث دار العلوم دیوبند)

قال رسول اللہ ﷺ:

لم تکن فتنة فی الأرض أعظم من فتنة الدجال (ابن ماجه)

ترجمہ: دجال سے بڑا روئے زمین پر کوئی فتنہ نہیں ہے۔

فتنۂ دجال

اور اس سے حفاظت کے متعلق حدیث ابو امامہ باہلیؓ

پیش کردہ:

بحر العلوم حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب اعظمی

استاذ حدیث دار العلوم دیوبند

ناشر:

مکتبۃ الحرمین دیوبند

موبائل نمبر: 8979354752

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

یہ کتابچہ بنام ''فتنۂ دجال اور اس سے حفاظت کے متعلق حدیث ابو امامہ باہلیؓ'' درحقیقت ابن ماجہ کی ایک طویل روایت اور اس کا ترجمہ ہے۔

یہ حدیث اگرچہ بخاری و مسلم دونوں کے اندر موجود ہے مگر ابن ماجہ سے نقل کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ابن ماجہ نے اس روایت کے آخر میں فرمایا ہے کہ میں نے ابوالحسن الطنافسی سے سنا کہ وہ کہتے تھے کہ میں نے عبدالرحمن المحاربیؒ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ یہ حدیث اساتذہ کو دینی چاہیے تاکہ وہ اپنے مدرسے میں لڑکوں کو سکھائیں۔

ابن ماجہ کی نقل کردہ اس خواہش کو کسی نے لکھوا کر باقاعدہ مدرسے میں دیا ہے یا نہیں، اس سے قطع نظر؛ لیکن جب میری نظر اس پر پڑی تو میں نے دارالعلوم دیوبند کے شعبۂ تخصص فی الادب کے ذی استعداد طالب علم مولوی محمد وکیع اعظمی کو کہا کہ آپ اس کا ترجمہ کردیں انہوں نے اس کا ترجمہ کیا اور میں نے نظر ثانی کی اس کے بعد میں نے مکتبہ الحرمین کے مالک مولوی عبدالرازق اعظمی (جو جواد و سخی بھی ہیں) سے کہا: کہ اس کو آپ چھاپ کر مدرسوں کے لڑکوں میں تقسیم کر کے ثواب حاصل کریں اور اس میں میرا دل یہ چاہا کہ میں بھی اس میں انگلی کٹا کر شہیدوں میں نام لکھوالوں، تو میں نے ایک ہزار دیا۔

اللہ تعالیٰ اس کتابچہ کو نافع بنائے۔ آمین

نعمت اللہ غفرلہ

خادم التدریس دارالعلوم دیوبند

۱۸ر جمادی الاولیٰ ۱۴۴۷ھ

فتنۂ دجال

اور اس سے حفاظت کے متعلق حدیث

قرب قیامت میں بہت سارے فتنے وجود میں آئیں گے من جملہ ان فتنوں کے ایک بہت بڑا فتنہ، فتنۂ دجال ہے اس حدیث پاک میں حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے متعلق بہت تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے چناں چہ ابن ماجہ نے اس روایت کو نقل کیا اور آخر میں یہ لکھا ہے کہ میں نے ابوالحسن الطنافسی سے یہ کہتے ہوئے سنا وہ کہہ رہے ہیں کہ میں نے عبدالرحمن المحاربی کو یہ فرماتے ہوئے سنا ''کہ اس حدیث کو مکتب کے اساتذہ کے پاس بھیجنی چاہیے تاکہ وہ بچوں کو سکھلائیں''۔

ذیل میں حدیث اور اس کا ترجمہ پیش کیا جارہا ہے:

عَنْ أَبِي أُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ رضی اللہ عنہ، قَالَ: خَطَبَنَا رَسُولُ اللهِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، فَكَانَ أَكْثَرُ خُطْبَتِهِ حَدِيثًا، حَدَّثَنَاهُ عَنِ الدَّجَّالِ، وَحَذَّرَنَاهُ، فَكَانَ مِنْ قَوْلِهِ أَنْ قَالَ: "إِنَّهُ لَمْ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْأَرْضِ، مُنْذُ ذَرَأَ اللهُ ذُرِّيَّةَ آدَمَ، أَعْظَمَ مِنْ فِتْنَةِ الدَّجَّالِ، وَإِنَّ اللهَ لَمْ يَبْعَثْ نَبِيًّا إِلَّا حَذَّرَ أُمَّتَهُ الدَّجَّالَ، وَأَنَا آخِرُ الْأَنْبِيَاءِ، وَأَنْتُمْ آخِرُ الْأُمَمِ، وَهُوَ خَارِجٌ فِيكُمْ لَا مَحَالَةَ، وَإِنْ يَخْرُجْ وَأَنَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْكُمْ، فَأَنَا حَجِيجٌ لِكُلِّ مُسْلِمٍ، وَإِنْ يَخْرُجْ مِنْ بَعْدِي، فَكُلُّ امْرِءٍ حَجِيجُ نَفْسِهِ، وَاللهُ خَلِيفَتِي عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ، وَإِنَّهُ يَخْرُجُ مِنْ خَلَّةٍ بَيْنَ الشَّامِ وَالْعِرَاقِ، فَيَعِيثُ يَمِينًا وَيَعِيثُ شِمَالًا، يَا عِبَادَ اللهِ فَاثْبُتُوا، فَإِنِّي سَأَصِفُهُ لَكُمْ صِفَةً لَمْ يَصِفْهَا إِيَّاهُ نَبِيٌّ قَبْلِي، إِنَّهُ يَبْدَأُ، فَيَقُولُ: أَنَا نَبِيٌّ وَلَا نَبِيَّ بَعْدِي، ثُمَّ يُثَنِّي فَيَقُولُ: أَنَا رَبُّكُمْ وَلَا تَرَوْنَ رَبَّكُمْ حَتَّى تَمُوتُوا، وَإِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، وَإِنَّهُ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ، يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ، كَاتِبٍ أَوْ غَيْرِ كَاتِبٍ، وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ: أَنَّ مَعَهُ جَنَّةً وَنَارًا، فَنَارُهُ جَنَّةٌ، وَجَنَّتُهُ نَارٌ، فَمَنِ ابْتُلِيَ بِنَارِهِ، فَلْيَسْتَغِثْ بِاللهِ، وَلْيَقْرَأْ فَوَاتِحَ الْكَهْفِ فَتَكُونَ عَلَيْهِ بَرْدًا وَسَلَامًا، كَمَا كَانَتِ النَّارُ عَلَى إِبْرَاهِيمَ، وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ: أَنْ يَقُولَ لِأَعْرَابِيٍّ: أَرَأَيْتَ إِنْ بَعَثْتُ لَكَ أَبَاكَ وَأُمَّكَ، أَتَشْهَدُ أَنِّي رَبُّكَ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيَتَمَثَّلُ لَهُ شَيْطَانَانِ فِي صُورَةِ أَبِيهِ وَأُمِّهِ، فَيَقُولَانِ: يَا بُنَيَّ، اتَّبِعْهُ، فَإِنَّهُ رَبُّكَ وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ: أَنْ يُسَلَّطَ عَلَى نَفْسٍ وَاحِدَةٍ فَيَقْتُلَهَا وَيَنْشُرَهَا بِالْمِنْشَارِ حَتَّى يُلْقَى شِقَّتَيْنِ، ثُمَّ يَقُولَ: انْظُرُوا إِلَى عَبْدِي هَذَا، فَإِنِّي أَبْعَثُهُ الْآنَ، ثُمَّ يَزْعُمُ أَنَّ لَهُ رَبًّا غَيْرِي، فَيَبْعَثُهُ اللهُ وَيَقُولُ لَهُ الْخَبِيثُ: مَنْ رَبُّكَ؟

"فَيَقُولُ رَبِّيَ اللهُ، وَأَنْتَ عَدُوُّ اللهِ، أَنْتَ الدَّجَّالُ، وَاللهِ مَا كُنْتُ بَعْدُ أَشَدَّ بَصِيرَةً بِكَ مِنِّي الْيَوْمَ"

قَالَ أَبُو الْحَسَنِ الطَّنَافِسِيُّ: فَحَدَّثَنَا الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْوَصَّافِيُّ، عَنْ عَطِيَّةَ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: "ذَلِكَ الرَّجُلُ أَرْفَعُ أُمَّتِي دَرَجَةً فِي الْجَنَّةِ" قَالَ: قَالَ أَبُو سَعِيدٍ: وَاللهِ، مَا كُنَّا نُرَى ذَلِكَ الرَّجُلَ إِلَّا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ حَتَّى مَضَى لِسَبِيلِهِ. قَالَ الْمُحَارِبِيُّ: ثُمَّ رَجَعْنَا إِلَى حَدِيثِ أَبِي رَافِعٍ قَالَ: وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ: أَنْ يَأْمُرَ السَّمَاءَ أَنْ تُمْطِرَ فَتُمْطِرَ، وَيَأْمُرَ الْأَرْضَ أَنْ تُنْبِتَ فَتُنْبِتَ، وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ: أَنْ يَمُرَّ بِالْحَيِّ فَيُكَذِّبُونَهُ، فَلَا تَبْقَى لَهُمْ سَائِمَةٌ إِلَّا هَلَكَتْ، وَإِنَّ مِنْ فِتْنَتِهِ أَنْ يَمُرَّ بِالْحَيِّ فَيُصَدِّقُونَهُ، فَيَأْمُرَ السَّمَاءَ أَنْ تُمْطِرَ فَتُمْطِرَ، وَيَأْمُرَ الْأَرْضَ أَنْ تُنْبِتَ فَتُنْبِتَ، حَتَّى تَرُوحَ مَوَاشِيهِمْ مِنْ يَوْمِهِمْ ذَلِكَ أَسْمَنَ مَا كَانَتْ وَأَعْظَمَهُ، وَأَمَدَّهُ خَوَاصِرَ وَأَدَرَّهُ ضُرُوعًا، وَإِنَّهُ لَا يَبْقَى شَيْءٌ مِنَ الْأَرْضِ إِلَّا وَطِئَهُ وَظَهَرَ عَلَيْهِ إِلَّا مَكَّةَ وَالْمَدِينَةَ لَا يَأْتِيهِمَا مِنْ نَقْبٍ مِنْ نِقَابِهِمَا إِلَّا لَقِيَتْهُ الْمَلَائِكَةُ بِالسُّيُوفِ صَلْتَةً، حَتَّى يَنْزِلَ عِنْدَ "الظُّرَيْبِ الْأَحْمَرِ"، عِنْدَ مُنْقَطَعِ السَّبَخَةِ فَتَرْجُفُ الْمَدِينَةُ بِأَهْلِهَا ثَلَاثَ رَجَفَاتٍ، فَلَا يَبْقَى مُنَافِقٌ وَلَا مُنَافِقَةٌ إِلَّا خَرَجَ إِلَيْهِ، فَتَنْفِي الْخَبَثَ مِنْهَا كَمَا يَنْفِي الْكِيرُ، خَبَثَ الْحَدِيدِ، وَيُدْعَى ذَلِكَ الْيَوْمُ "يَوْمَ الْخَلَاصِ"، فَقَالَتْ أُمُّ شَرِيكٍ بِنْتُ أَبِي الْعَكَرِ: يَا رَسُولَ اللهِ فَأَيْنَ الْعَرَبُ يَوْمَئِذٍ؟ قَالَ: هُمْ يَوْمَئِذٍ قَلِيلٌ، وَجُلُّهُمْ بِبَيْتِ الْمَقْدِسِ، وَإِمَامُهُمْ رَجُلٌ صَالِحٌ، فَبَيْنَمَا إِمَامُهُمْ قَدْ تَقَدَّمَ يُصَلِّي بِهِمُ الصُّبْحَ، إِذْ نَزَلَ عَلَيْهِمْ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ الصُّبْحَ، فَرَجَعَ ذَلِكَ الْإِمَامُ يَنْكُصُ، يَمْشِي الْقَهْقَرَى: لِيَتَقَدَّمَ عِيسَى

يَصَلِّي بِالنَّاسِ، فَيَضَعُ عِيسَى يَدَهُ بَيْنَ كَتِفَيْهِ، ثُمَّ يَقُولُ لَهُ: تَقَدَّمْ فَصَلِّ، فَإِنَّهَا لَكَ أُقِيمَتْ، فَيُصَلِّي بِهِمْ إِمَامُهُمْ، فَإِذَا انْصَرَفَ، قَالَ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ: افْتَحُوا الْبَابَ، فَيُفْتَحُ وَوَرَاءَهُ الدَّجَّالُ مَعَهُ سَبْعُونَ أَلْفَ يَهُودِيٍّ، كُلُّهُمْ ذُو سَيْفٍ مُحَلًّى وَسَاجٍ، فَإِذَا نَظَرَ إِلَيْهِ الدَّجَّالُ ذَابَ، كَمَا يَذُوبُ الْمِلْحُ فِي الْمَاءِ، وَيَنْطَلِقُ هَارِبًا، وَيَقُولُ عِيسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ: إِنَّ لِي فِيكَ ضَرْبَةً، لَنْ تَسْبِقَنِي بِهَا، فَيُدْرِكُهُ عِنْدَ بَابِ اللُّدِّ الشَّرْقِيِّ، فَيَقْتُلُهُ، فَيَهْزِمُ اللَّهُ الْيَهُودَ، فَلَا يَبْقَى شَيْءٌ مِمَّا خَلَقَ اللَّهُ يَتَوَارَى بِهِ يَهُودِيٌّ إِلَّا أَنْطَقَ اللَّهُ ذَلِكَ الشَّيْءَ، لَا حَجَرَ، وَلَا شَجَرَ، وَلَا حَائِطَ، وَلَا دَابَّةَ، إِلَّا الْغَرْقَدَةَ، فَإِنَّهَا مِنْ شَجَرِهِمْ، لَا تَنْطِقُ، إِلَّا قَالَ: يَا عَبْدَ اللَّهِ الْمُسْلِمَ هَذَا يَهُودِيٌّ، فَتَعَالَ اقْتُلْهُ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: ”وَإِنَّ أَيَّامَهُ أَرْبَعُونَ سَنَةً، السَّنَةُ كَنِصْفِ السَّنَةِ، وَالسَّنَةُ كَالشَّهْرِ، وَالشَّهْرُ كَالْجُمُعَةِ، وَآخِرُ أَيَّامِهِ كَالشَّرَرَةِ، يُصْبِحُ أَحَدُكُمْ عَلَى بَابِ الْمَدِينَةِ، فَلَا يَبْلُغُ بَابَهَا الْآخَرَ حَتَّى يُمْسِيَ“، فَقِيلَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ كَيْفَ نُصَلِّي فِي تِلْكَ الْأَيَّامِ الْقِصَارِ؟ قَالَ: ”تَقْدُرُونَ فِيهَا الصَّلَاةَ كَمَا تَقْدُرُونَهَا فِي هَذِهِ الْأَيَّامِ الطِّوَالِ، ثُمَّ صَلُّوا“، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ: ”فَيَكُونُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِي أُمَّتِي حَكَمًا عَدْلًا، وَإِمَامًا مُقْسِطًا، يَدُقُّ الصَّلِيبَ، وَيَذْبَحُ الْخِنْزِيرَ، وَيَضَعُ الْجِزْيَةَ، وَيَتْرُكُ الصَّدَقَةَ، فَلَا يُسْعَى عَلَى شَاةٍ، وَلَا بَعِيرٍ، وَتُرْفَعُ الشَّحْنَاءُ، وَالتَّبَاغُضُ، وَتُنْزَعُ حُمَةُ كُلِّ ذَاتِ حُمَةٍ، حَتَّى يُدْخِلَ الْوَلِيدُ يَدَهُ فِي فِي الْحَيَّةِ، فَلَا تَضُرَّهُ، وَتُفِرَّ الْوَلِيدَةُ الْأَسَدَ، فَلَا يَضُرُّهَا، وَيَكُونَ الذِّئْبُ فِي الْغَنَمِ كَأَنَّهُ كَلْبُهَا، وَتُمْلَأُ الْأَرْضُ مِنَ السِّلْمِ كَمَا يُمْلَأُ الْإِنَاءُ مِنَ الْمَاءِ، وَتَكُونُ الْكَلِمَةُ وَاحِدَةً، فَلَا يُعْبَدُ إِلَّا اللَّهُ، وَتَضَعُ الْحَرْبُ أَوْزَارَهَا، وَتُسْلَبُ قُرَيْشٌ مُلْكَهَا،

وَتَكُونُ الْأَرْضُ كَفَاثُورِ الْفِضَّةِ، تُنْبِتُ نَبَاتَهَا بِعَهْدِ آدَمَ حَتَّى يَجْتَمِعَ النَّفَرُ عَلَى الْقِطْفِ مِنَ الْعِنَبِ فَيُشْبِعَهُمْ، وَيَجْتَمِعَ النَّفَرُ عَلَى الرُّمَّانَةِ فَتُشْبِعَهُمْ، وَيَكُونَ الثَّوْرُ بِكَذَا وَكَذَا مِنَ الْمَالِ، وَتَكُونَ الْفَرَسُ بِالدُّرَيْهِمَاتِ" قَالُوا: يَا رَسُولَ اللهِ وَمَا يُرْخِصُ الْفَرَسَ؟ قَالَ "لَا تُرْكَبُ لِحَرْبٍ أَبَدًا"، قِيلَ لَهُ: فَمَا يُغْلِي الثَّوْرَ؟ قَالَ "تُحْرَثُ الْأَرْضُ كُلُّهَا، وَإِنَّ قَبْلَ خُرُوجِ الدَّجَّالِ ثَلَاثَ سَنَوَاتٍ شِدَادٍ، يُصِيبُ النَّاسَ فِيهَا جُوعٌ شَدِيدٌ، يَأْمُرُ اللهُ السَّمَاءَ فِي السَّنَةِ الْأُولَى أَنْ تَحْبِسَ ثُلُثَ مَطَرِهَا، وَيَأْمُرُ الْأَرْضَ فَتَحْبِسُ ثُلُثَ نَبَاتِهَا، ثُمَّ يَأْمُرُ السَّمَاءَ فِي الثَّانِيَةِ فَتَحْبِسُ ثُلُثَيْ مَطَرِهَا، وَيَأْمُرُ الْأَرْضَ فَتَحْبِسُ ثُلُثَيْ نَبَاتِهَا، ثُمَّ يَأْمُرُ اللهُ السَّمَاءَ فِي السَّنَةِ الثَّالِثَةِ، فَتَحْبِسُ مَطَرَهَا كُلَّهُ، فَلَا تَقْطُرُ قَطْرَةً، وَيَأْمُرُ الْأَرْضَ، فَتَحْبِسُ نَبَاتَهَا كُلَّهُ، فَلَا تُنْبِتُ خَضْرَاءَ، فَلَا تَبْقَى ذَاتُ ظِلْفٍ إِلَّا هَلَكَتْ، إِلَّا مَا شَاءَ اللهُ"، قِيلَ: فَمَا يُعِيشُ النَّاسَ فِي ذَلِكَ الزَّمَانِ؟ قَالَ "التَّهْلِيلُ، وَالتَّكْبِيرُ، وَالتَّسْبِيحُ، وَالتَّحْمِيدُ، وَيُجْرَى ذَلِكَ عَلَيْهِمْ مُجْرَى الطَّعَامِ".

قَالَ أَبُو عَبْدِ اللهِ: سَمِعْتُ أَبَا الْحَسَنِ الطَّنَافِسِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمَنِ الْمُحَارِبِيَّ، يَقُولُ: "يَنْبَغِي أَنْ يُدْفَعَ هَذَا الْحَدِيثُ إِلَى الْمُؤَدِّبِ، حَتَّى يُعَلِّمَهُ الصِّبْيَانَ فِي الْكُتَّابِ".

خطبۂ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دجال کا ذکر

حضرت ابواُمامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں:

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں ایک خطبہ دیا، اور اُن کے اس خطبے میں سب سے زیادہ ذکر دجال کا تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اس کے بارے میں ہمیں آگاہ کیا اور اس

سے خبردار فرمایا۔

آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا:

یقیناً زمین پر جب سے اللہ نے آدم علیہ السلام کی نسل پیدا کی ہے، اس وقت سے لے کر آج تک دجال کے فتنے سے بڑا کوئی فتنہ نہیں ہوا۔ اور اللہ تعالیٰ نے کوئی نبی نہیں بھیجا مگر اس نے اپنی اُمت کو دجال سے ضرور ڈرایا۔ اور میں آخری نبی ہوں، اور تم آخری اُمت ہو، اور دجال تمہارے اندر ضرور ظاہر ہوگا، اس میں کوئی شک نہیں۔

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا امت کی حفاظت کا وعدہ

اگر وہ اس وقت نکلے جب میں تمہارے درمیان موجود ہوں، تو میں ہر مسلمان کی طرف سے اس کے مقابلے میں حجت بنوں گا (یعنی اس سے دفاع کروں گا)، اور اگر وہ میرے بعد ظاہر ہو تو ہر شخص اپنا دفاع خود کرے گا، اور اللہ تعالیٰ میری جانب سے ہر مسلمان کے لیے کافی ہوگا۔

دجال کا خروج اور فتنے کا پھیلاؤ

وہ شام اور عراق کے درمیان کسی راستے سے نکلے گا، اور دائیں بائیں فتنہ پھیلائے گا۔

اے اللہ کے بندو! ثابت قدم رہو۔ میں تمہیں اس کی ایسی صفت بیان کروں گا کہ ویسی مجھ سے پہلے کسی نبی نے اپنی قوم کو نہیں بتائی۔

دجال کا جھوٹا وعدہ

وہ ابتدا میں کہے گا: میں نبی ہوں، حالانکہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔

پھر کہے گا: میں تمہارا رب ہوں، حالانکہ تم اپنے رب کو اُس وقت تک نہیں دیکھو گے جب تک مر نہ جاؤ۔

دجال کی جسمانی علامت

وہ ایک آنکھ سے کانا ہوگا، اور تمہارا رب کانا نہیں۔

اور اس کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا ہوگا، جسے ہر مؤمن پڑھے گا، چاہے وہ پڑھا لکھا ہو یا ان پڑھ۔

دجال کی جنت ودوزخ کا الٹا فتنہ

اس کے فتنوں میں سے یہ بھی ہوگا کہ اس کے ساتھ ایک جنت اور ایک آگ ہوگی۔

درحقیقت اُس کی آگ جنت ہوگی اور جنت آگ ہوگی۔ (یعنی جو جنت معلوم ہوتی ہے وہ آگ ہوگی اور جو آگ معلوم ہوتی ہے وہ جنت ہوگی)

پس جسے اُس کی آگ میں ڈالا جائے، وہ اللہ سے پناہ مانگے اور سورۂ کہف کی ابتدائی آیات پڑھے، تو وہ آگ اُس پر ٹھنڈی اور سلامتی والی بن جائے گی، جیسے ابراہیمؑ پر ٹھنڈی اور سلامتی والی بن گئی تھی۔

دجال کا شیطانی فریب

اس کے فتنوں میں سے یہ بھی ہوگا کہ وہ ایک دیہاتی سے کہے گا:

اگر میں تیرے ماں باپ کو تیرے سامنے زندہ کردوں تو کیا تُو گواہی دے گا کہ میں تیرا رب ہوں؟

وہ کہے گا: ہاں۔

تو دو شیطان اس کے ماں باپ کی شکل میں ظاہر ہوں گے اور کہیں گے: اے بیٹے! اس کی پیروی کر یہ تیرا رب ہے۔

دجال کے قتل واحیاء کا فتنہ

اور اس کے فتنوں میں سے یہ بھی ہوگا کہ وہ ایک آدمی کو قتل کرے گا، پھر آرے سے چیر کر دو ٹکڑے کردے گا، پھر کہے گا: دیکھو، میں اسے زندہ کردیتا ہوں، (پھر وہ (جس کو زندہ کرے گا) گمان کرے گا کہ میرے علاوہ اس کا کوئی رب ہے)۔

پھر اللہ اسے زندہ کرے گا، تو وہ خبیث اس سے پوچھے گا کہ تمہارا رب کون

ہے؟ تو وہ شخص کہے گا:

اللہ میرا رب ہے، اور تُو دجال ہے، اللہ کا دشمن ہے!

اللہ کی قسم! آج مجھے تیرے دجال ہونے کا زیادہ یقین ہو گیا۔

اس شخص کا بلند درجہ

ابوالحسن الطنافسی کہتے ہیں:

ہمیں محاربی نے روایت کیا، انھوں نے عبیداللہ بن الولید الوصافی سے، انھوں نے عطیہ سے، انھوں نے ابوسعید خدری سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

وہ شخص میری امت میں سب سے اعلیٰ درجہ والا ہوگا جنت میں۔

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

اللہ کی قسم! ہم سمجھتے تھے کہ وہ شخص عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ ہی ہوں گے، یہاں تک کہ وہ دنیا سے رخصت ہو گئے۔

دجال کا قدرت پر جھوٹا تصرف

پھر محاربی کہتے ہیں کہ ہم ابورافع رضی اللہ عنہ (ابورافع سے مراد: حضرت ابوامامہ باہلی کی اس روایت میں مذکور اسماعیل بن رافع ہیں) کی حدیث کی طرف لوٹے، جس میں فرمایا:

دجال کا ایک فتنہ یہ بھی ہوگا کہ وہ آسمان کو حکم دے گا کہ بارش برسائے، تو وہ برسائے گا۔

اور زمین کو حکم دے گا کہ اگائے، تو وہ اگائے گی۔

اور اس کا ایک فتنہ یہ بھی ہوگا کہ وہ جس بستی سے گزرے گا، اگر وہ لوگ اس کی تکذیب کریں گے تو ان کے تمام جانور ہلاک ہو جائیں گے، اور اگر وہ لوگ اس کی تصدیق کریں گے، تو آسمان ان پر بارش برسائے گا اور زمین سرسبز ہو جائے گی۔

ان کے جانور اس دن شام کو واپس آئیں گے تو اتنے موٹے تازے ہوں گے جتنے پہلے کبھی نہ تھے۔

ان کے پہلو بھرے ہوئے، ان کے تھن دودھ سے لبریز ہوں گے۔

دجال مکہ و مدینہ میں داخل نہ ہو سکے گا

وہ زمین کے ہر حصے پر چلے گا، سوائے مکہ اور مدینہ کے۔

ان شہروں میں جب کسی راستے سے آنے کی کوشش کرے گا، فرشتے تلواریں لیے اُس کا مقابلہ کریں گے۔

یہاں تک کہ وہ مدینہ کے قریب **الظُّرَيب الأحمر** (سرخ ٹیلے) کے مقام پر آ کر ٹھہرے گا۔

پھر مدینہ تین مرتبہ زلزلے کی طرح لرزے گا، اور ہر منافق مرد و عورت اُس سے نکل کر اُس کی طرف چلے جائیں گے۔

یوں مدینہ اپنے ناپاک لوگوں کو نکال باہر کرے گا جیسے بھٹی لوہے کا میل کچیل نکالتی ہے۔

اور اُس دن کو یوم الخلاص (نجات کا دن) کہا جائے گا۔

اُمّ شریک بنت ابی العکر نے عرض کیا:

یا رسول اللہ! اُس وقت عرب کہاں ہوں گے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

اُس وقت عرب بہت کم ہوں گے، اور ان میں سے اکثر بیت المقدس میں ہوں گے، اور ان کا امام ایک صالح شخص ہوگا۔

حضرت عیسیٰؑ کا نزول اور دجال کا خاتمہ

جب ان کا امام نمازِ فجر کے لیے آگے بڑھے گا، تو اچانک عیسیٰ ابن مریمؑ صبح کے وقت نازل ہوں گے۔

امام پیچھے ہٹنا چاہے گا تا کہ عیسیٰؑ آگے بڑھیں، مگر عیسیٰؑ اس کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر کہیں گے:

آ گے بڑھو اور نماز پڑھاؤ، کیونکہ اقامت تمہارے لیے کہی کی گئی ہے۔
پھر وہ امام ہی نماز پڑھائے گا۔
نماز کے بعد عیسیٰؑ فرمائیں گے: دروازہ کھولو۔
جب دروازہ کھولا جائے گا تو اس کے پیچھے دجال ہوگا، اس کے ساتھ ستر ہزار یہودی ہوں گے۔
سب کے سب تلواروں سے لیس، چمکتے ہوئے لباس پہنے ہوئے۔
جب دجال عیسیٰؑ کو دیکھے گا تو وہ ایسے پگھلنے لگے گا جیسے نمک پانی میں پگھلتا ہے۔
وہ بھاگنے لگے گا، مگر عیسیٰؑ فرمائیں گے: میرے لیے تیرے ساتھ ایک وار مقرر ہے، تُو مجھ سے بچ نہیں سکے گا۔
پھر عیسیٰؑ اسے لدّ کے مشرقی دروازے پر جا کر قتل کردیں گے۔
اللہ تعالیٰ یہودیوں کو شکست دے گا، یہاں تک کہ کوئی چیز باقی نہ رہے گی جس کے پیچھے کوئی یہودی چھپ سکے۔
نہ کوئی پتھر، نہ درخت، نہ دیوار، نہ جانور مگر یہ کہ سب بول اٹھیں گے:
اے اللہ کے مسلمان بندے! یہ یہودی میرے پیچھے ہے، آؤ اور اسے قتل کرو!
سوائے غرقد کے درخت کے، کیونکہ وہ یہودیوں کا درخت ہے، وہ نہیں بولے گا۔

دجال کی مدت اقامت

دجال کے ایام چالیس سال ہوں گے
ایک سال آدھے سال جیسا،
ایک سال ایک مہینے جیسا،
ایک مہینہ ایک جمعے (ہفتے) جیسا،
اور اس کے باقی دن چنگاری کے مانند تیزی سے گزر جائیں گے۔
تم میں سے کوئی صبح کو شہر کے ایک دروازے پر ہوگا، تو شام تک دوسرے

دروازے تک نہ پہنچ سکے گا۔

نماز کیسے ادا کی جائے

صحابہؓ نے عرض کیا:

یارسول اللہ! جب وہ دن اتنے چھوٹے ہوں گے تو ہم نماز کیسے ادا کریں گے؟

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

تم اندازہ لگا کر نماز کے اوقات مقرر کر لینا، جیسے ان طویل دنوں میں کرتے ہو، پھر نماز پڑھنا۔

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا عادلانہ دورِ حکومت

پھر عیسیٰ ابن مریمؑ میری امت میں عادل حاکم اور منصف امام بن جائیں گے۔

وہ صلیب کو توڑ دیں گے، سور (خنزیر) کو ذبح کریں گے، جزیہ ختم کر دیں گے (یعنی سب اسلام قبول کریں گے)،

اور صدقہ دینا موقوف ہو جائے گا، اونٹ اور بکری کی زکاۃ لینے کے لئے نہیں بھیجا جائے گا، (کیونکہ کسی کو حاجت نہ رہے گی)۔

شحناء (عداوت) اور بغض ختم ہو جائے گا۔

اور ہر زہریلی چیز سے زہر نکال دیا جائے گا۔

یہاں تک کہ ایک بچہ سانپ کے منہ میں ہاتھ ڈالے گا، وہ اسے نقصان نہیں پہنچائے گا۔

بچی شیر کو بھگائے گی، وہ اسے نقصان نہیں دے گا۔

بکریوں میں بھیڑیا اس طرح ہوگا جیسے ان کا محافظ کتا۔

الغرض زمین امن سے بھر جائے گی جیسے برتن پانی سے بھر جاتا ہے۔

سب لوگ ایک ہی دین پر ہوں گے، صرف اللہ کی عبادت ہوگی،

اور جنگ اپنے ہتھیار ڈال دے گی۔

قریش کی بادشاہت ختم ہو جائے گی۔

زمین چاندی کی پلیٹ کی طرح ہو جائے گی، اور وہ ایسے غلّات اگائے گی جیسے آدم علیہ السلام کے زمانے میں اگاتی تھی۔

حتیٰ کہ ایک گچھا انگور لوگوں کی ایک جماعت کو سیر کر دے گا، اور انار بھی۔

گائے اور بیل بہت قیمتی ہوں گے، اور گھوڑے بہت سستے۔

صحابہؓ نے پوچھا:

یارسول اللہ! گھوڑے کیوں سستے ہوں گے؟

فرمایا: اس لیے کہ جنگ کبھی نہ ہوگی۔

پھر پوچھا گیا:

بیل کیوں مہنگے ہوں گے؟

فرمایا: کیونکہ پوری زمین کاشت کی جائے گی۔

خروج دجال سے قبل قحط کے تین سال

دجال کے خروج سے پہلے تین سال سخت قحط کے آئیں گے، جس میں لوگ سخت بھوک مری کا شکار ہوں گے۔

پہلے سال میں آسمان ایک تہائی بارش روک لے گا، اور زمین بھی ایک تہائی پیداوار روک لے گی۔

دوسرے سال آسمان دو تہائی بارش روک لے گا، اور زمین بھی دو تہائی پیداوار روک لے گی۔

اور تیسرے سال آسمان بالکل بارش نہیں برسائے گا، اور زمین کوئی سبزہ نہیں اگائے گی۔

تمام چوپائے مر جائیں گے، سوائے ان کے جنہیں اللہ چاہے۔

اہلِ ایمان کا رزق - ذکرِ الٰہی

صحابہؓ نے عرض کیا:

پھر لوگ اس زمانے میں کیا کھائیں گے؟"

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

وہ **لا إله إلا الله، الله أکبر، سبحان الله، الحمد لله** پڑھا کریں گے،

اور اللہ ان اذکار کو ان کے لیے کھانے پینے کے برابر کر دے گا۔

اہلِ علم کے لیے وصیت

آخر میں ابو عبد اللہ فرماتے ہیں: میں نے ابو الحسن الطنافسی سے سنا کہ وہ کہتے تھے: میں نے عبد الرحمن المحاربی کو فرماتے ہوئے سنا: **یہ حدیث استادوں کو دینی چاہیے تاکہ وہ اسے بچوں کو مکتب میں سکھائیں۔**

فتنۂ دجال سے حفاظت کی دعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّی أعُوذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأعُوذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيحِ الدَّجَّالِ.

ترجمہ: اے اللہ میں قبر کے عذاب اور دجال کے فتنہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔